# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: بنیادی اردو (9001) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: کسی بھی زبان کا تاریخی پس منظر اس کے ارتقائی مراحل کو سمجھنے میں کیسے مدد گار ثابت ہوتا ہے؟ اردو زبان کے تاریخی ارتقا کے تناظر میں اس بات کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 2: ایک علمِ صرف کے تحت "لفظِ موضوع" اور "لفظِ مہمل" کی تعریفیں بیان کی گئی ہیں، متن کی مثالوں سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال 3: اصنافِ نظم اور اصنافِ نثر میں بنیادی فرق کیا ہے؟ ادبی اصطلاحات کی روشنی میں واضح کریں کہ ایک ہی موضوع کو نظم اور نثر میں پیش کرنے سے اسلوب پر کیا اثر پڑتا ہے۔ (20)

سوال 4: ڈراما، ناول اور افسانہ تینوں ہی نثری اصناف ہیں۔ طوالت، کردار نگاری اور تکنیک کے اعتبار سے ان تینوں اصناف کا ایک دوسرے سے تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال 5: احمد ندیم قاسمی کا افسانہ "پرمیشر سنگھ" کا خلاصہ بیان کریں نیز اس افسانے کا فنی جائزہ لیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: سفر نامے کو محض ایک جغرافیائی رپورٹ کے بجائے ایک تخلیقی نثری صنف کا درجہ دلانے میں مصنف کے ذاتی اسلوب اور مشاہدے کا کیا کردار ہوتا ہے؟ (20)

سوال 2: غزل کے روایتی مزاج اور اس کی ساختیاتی انفرادیت کو سامنے رکھتے ہوئے غالب کی نصاب میں شامل غزل کا تجزیاتی مطالعہ پیش کریں۔ (20)

سوال 3: طنز و مزاح میں ابن انشا کا کیا مقام ہے؟ "اردو کی آخری کتاب" پر ایک نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 4: آزاد نظم کے فنی ڈھانچے اور اس میں مصرعوں کے چھوٹے بڑے ہونے کے عمل کا پابند نظم کی ہیئت سے تقابلی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 5: گیتوں میں موسیقیائی لہر اور ہندی آمیز الفاظ کا استعمال انسانی جذبات کی فطری عکاسی میں کیا کردار ادا کرتا ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔ (20)